# Directorate of Education, GNCT of Delhi
## Practice Paper: Term-II (2021-22)
### CLASS: IX
### SUBJECT: URDU-B (303)

**Time: 2 Hrs.** **M.M.: 40**

**ہدایات:**

1. اس سوال نامے میں کل 18 سوالات ہیں۔
2. یہ سوال نامہ کل تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ حصّہ الف، حصّہ ب اور حصّہ ج۔
3. ہر حصّے میں دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔
4. جواب تحریر کرتے ہوئے خوش خط اور صفائی کا خاص خیال رکھیے۔

## Part: A (10 Marks) حصّہ: الف

**سوال نمبر 1۔ درج ذیل غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔** (5×1=5)

راگ رنگ اور مستی کا تہوار ہولی ہندوؤں کا تہوار ہے۔ یہ تہوار پھاگن کے مہینے کے آخر یعنی فروری مارچ میں منایا جاتا ہے۔ ہولی کا تہوار جاڑے کا موسم ختم ہونے اور موسمِ گرما شروع ہونے کا اعلان ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ہرن کشیپ نام کا ایک ظالم راجہ تھا۔ اس نے اپنے بیٹے پرہلاد کو جلانے کی کوشش کی لیکن وشنو جی کی مہربانی سے وہ بچ گیا۔ اس کوشش میں پرہلاد کی بوا ہولیکا جل کر ختم ہو گئی۔ اسی دن کی یاد میں ہولی منائی جاتی ہے۔ ہولی سے پہلے لکڑیاں اکٹھّا کر کے ایک کھلی جگہ پر انبار کی شکل میں لگادی جاتی ہیں۔ رات کو مہورت دیکھ کر ہولی جلائی جاتی ہے۔ اگلے دن رنگ کھیلا جاتا ہے۔ جو عام طور پر دوپہر تک چلتا ہے۔ ہولی کا تہوار خاص طور پر نوجوانوں اور بچوں کے لیے آزادی اور خوشیاں لے کر آتا ہے۔ اس دن لوگ نفرت اور ناراضگی کو بھلا کر رنگ کھیلتے اور آپس میں گلے ملتے ہیں۔

i. پرہلاد کی بوا کا کیا نام تھا؟
ii. ہرن کشیپ نے اپنے بیٹے پر کیا ظلم کیا؟
iii. ہولی کا تہوار کیا پیغام دیتا ہے؟
iv. ہولی کا تہوار کس مہینے میں منایا جاتا ہے؟
v. ہندوؤں کا کون سا تہوار راگ رنگ اور مستی کا تہوار کہلاتا ہے؟

**یا**

گر قوم کی خدمت کرتا ہے
احسان تو کس پہ دھرتا ہے
کیوں غیروں کا دم بھرتا ہے
کیوں خوف کے مارے مرتا ہے
اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے
جو عمریں مفت گنوائے گا
وہ آخر کو پچھتائے گا
کچھ بیٹھے ہاتھ نہ آئے گا
جو ڈھونڈے گا وہ پائے گا

i. قوم کی خدمت کس جذبے سے کرنی چاہیے؟

ii. وقت برباد کرنے کا کیا انجام ہوتا ہے؟

iii. آخر میں کون پچھتائے گا؟

iv. خدا کس کی مدد کرتا ہے؟

v. خالی بیٹھے رہنے سے کیا ہوتا ہے؟

**سوال نمبر2۔ درج ذیل درسی اقتباسات (نثری اور شعری) میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (5×1=5)**

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں گاؤں کا انتظام گاؤں والوں کے ہاتھ میں ہوتا تھا۔ گاؤں کی حفاظت، صفائی، کھیتی، تعلیم کا بندوبست گاؤں والے خود کیا کرتے تھے۔ جب انگریزوں کی حکومت آئی تو گاؤں کا انتظام سرکار نے اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ مہاتما گاندھی چاہتے تھے کہ گاؤں کے انتظام میں گاؤں والوں کا پورا ہاتھ ہو۔ اس لیے آزادی کے بعد ہماری سرکار نے گاؤں کی طرف دھیان دیا۔ ہماری ریاستوں میں پنچایتی راج قانون بنایا گیا، جس سے گاؤں والوں کو یہ اختیار مل گیا کہ وہ اپنے

گاؤں کا انتظام خود کریں۔اس قانون کے مطابق ہر اس گاؤں میں گاؤں سبھا بنائی جاتی ہے جس کی آبادی ڈھائی سو یا اس سے زیادہ ہو۔گاؤں سبھا کی ہر سال دو بیٹھکیں ہوتی ہیں۔ایک خریف میں اور ایک ربیع میں۔ خریف میں گاؤں سبھا آئندہ سال کا بجٹ منظور کرتی ہے اور ربیع کی بیٹھک میں پچھلے سال کے حساب کی جانچ کرتی ہے۔

i. انگریزی حکومت کے آنے کے بعد گاؤں کا انتظام کس کے سپرد کر دیا گیا؟

ii. گاؤں کے لیے مہاتما گاندھی کی کیا خواہش تھی؟

iii. آزادی کے بعد ہماری ریاستوں میں کس قانون کو بنایا گیا؟

iv. گاؤں سبھا کی سال میں کتنی بیٹھکیں ہوتی ہیں؟

v. ربیع کی بیٹھک میں کیا کیا جاتا ہے؟

**یا**

پیارے بچوں آج ہے چھٹّی کا دن
خوب کھیلو آج ہے چھٹّی کا دن
تیز ہو جاتے ہیں بچّے کھیل سے
جس طرح گاڑی کے پہیے تیل سے
ہے ضروری کھیل پڑھنے کے لیے
جیسے پانی پیڑ بڑھنے کے لیے
علم سے ہو جاتا ہے روشن دماغ
تیل سے جس طرح جلتا ہے چراغ
کھیل سے بڑھتی ہے صحت اس طرح
بھاپ سے چلتا ہے انجن جس طرح

i. چھٹّی کے دن ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

ii. کھیل کھیلنے سے بچوں میں کون سی صفات پیدا ہوتی ہیں؟

iii. علم حاصل کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

iv. کھیل کا بچوں کی صحت پر کیا اثر ہوتا ہے؟

v. پیڑ کو بڑھنے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟

## Part: B (18 Marks) حصّہ: ب

**ہدایت: اس حصّے کے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔**

سوال نمبر 3۔ ’گر‘ لاحقہ لگا کر دو مرکب الفاظ لکھیے۔ 2

سوال نمبر 4۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو الفاظ کی جمع لکھیے۔ 2

مصروفیت　　تکلیف　　حکایت

سوال نمبر 5۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو لفظوں سے مذکر سے مؤنث اور مؤنث سے مذکر بنائیے۔ 2

ماں　　اونٹ　　بکرا　　شیرنی

سوال نمبر 6۔ تشبیہ کی تعریف لکھیے۔ 2

سوال نمبر 7۔ بہن کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹّی کی درخواست لکھیے۔ 4

**یا**

گرمی کی چھٹی میں دوست کو گھر آنے کی دعوت دیتے ہوئے ایک خط لکھیے۔

سوال نمبر 8۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 6

(i) یومِ جمہوریہ　(ii) پسندیدہ شخصیت　(iii) کھیل کی اہمیت

## Part: C (12 Marks) حصّہ: ج

**ہدایت: درج ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) سوالوں کے جواب لکھیے۔ سبھی سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔ (6×2=12)**

سوال نمبر 9۔ کبیر پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 10۔ ملّا نصرالدین کا نام آج بھی کیوں زندہ ہے؟

سوال نمبر 11۔ پروفیسر محمد مجیب کے تین ڈراموں کے نام لکھیے۔

سوال نمبر 12۔ آدمی پر بہار کا کیا اثر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 13۔ ہنری ڈونان، نپولین سے کس لیے ملنے گیا تھا؟

سوال نمبر 14۔ لکڑہارے نے خدا سے کیا شکایت کی؟

سوال نمبر 15۔ مقولہ 'وہی مرغے کی ایک ٹانگ' کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 16۔ ساگوان کے درخت پر بیٹھ کر عقاب نے کیا سوچا؟

سوال نمبر 17۔ آریہ بھٹ کون تھے؟

سوال نمبر 18۔ لالچ کرنے سے مکھّی کو کیا سزا ملی؟